© rasailojaraid.com



محمد یوسف طاہر قریشی

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

احمد مرسل ﷺ ہادی پیارے — کتنے ہیں خوب رسول ﷺ ہمارے
مہکی مہکی سیرت اُن کی — دمکی دمکی صورت اُن کی
بال تھے اُن کے گھونگریالے — کالی رات سے بڑھ کر کالے
رہتے ایسے بال معطر ! — شرماتے تھے مشک و عنبر
پیشانی تھی ایسی رخشاں — چاند کی چاندنی جس پر قرباں
عین ہلال تھے گویا ابرو! — سرگیں آنکھیں شرم سے مملو!
بینی گویا نور کا لمعہ — ستواں اور بلند اور بیضا
لب تھے گویا لعل بدخشاں — جیسے گلبن کی پنکھڑیاں
دانت لآلی کی تھے لڑیاں — جیسے موتیے کی ہوں کلیاں
اجلا اجلا چہرہ قرآں — ٹھنڈا پیارا مکھڑا قرآں
سینہ خوب کشادہ، چوڑا — گویا نور کا ہو اک دریا
رونقِ حسن کا یہ عالم تھا — چودھویں رات کا چاند لجاتا
جس انساں سے ہاتھ ملاتے — اس کے ہاتھ میں مہک رچاتے
غرضیکہ تھے حسن میں یکتا — علم، کمال، سخن میں یکتا

طاہرؔ دل تھا رحم کا بقعہ
صبر کا ساگر حلم کا بقعہ





© rasailojaraid.com